## Bonuses

This policy will participate in State Life's surplus, rates of reversionary bonus applicable, other than any special bonus, will be 25% higher than those applicable on other plans.

## بونسز

یہ پالیسی اسٹیٹ لائف کے سر پلس کا حصہ ہوگی۔ دیگراسپیشل بونس کے علاوہ رویژنری بونس کی شرح دیگر پلانز کے مقابلے میں%25زیادہ ہو گی۔

## Premium

Level premiums will be payable throughout the term of the policy. Premium rates are dependent on age and term.

## پریمیئم

پالیسی کی پوری مدت کے دوران لیول پریمیئم واجب الادا ہوں گے۔ پریمیئم کی شرح کا انحصار عمر اور پالیسی کی مدت پر ہو گا۔

## Surrender Value and Loan Value

Policies issued under this plan will acquire a surrender value after they have been in-force for at least two full years and no premiums are in default. As with all surrender value products, a policy loan is also available under this plan. State Life will grant the policy loan against the policy's surrender value on the written request of the policy holder. The rate of return or profit, and other terms and conditions, will be determined by State Life at the time of granting the loan.

## سرنڈر ویلیو اور قرض کی ویلیو:

اس پلان کے تحت جاری کی جانے والی پالیسیاں کسی ڈیفالٹ کے بغیر 2سال جاری رہنے کی صورت میں سرنڈر ویلیو حاصل کر لیں گے۔ سرنڈر ویلیو رکھنے والی دیگر پراڈکٹس کی طرح اس پلان میں بھی پالیسی قرض کی سہولت حاصل ہو گی۔ اسٹیٹ لائف پالیسی ہولڈر کی تحریری درخواست پر پالیسی کی سرنڈر ویلیو کے مقابلےمیں پالیسی لون جاری کرے گا۔ قرض پر شرح منافع اور دیگر شرائط و ضوابط کا تعین قرض منظور کیے جانے کے مرحلے پر کیا جائے گا۔

## Paid-up Values and Non-forfeiture Options

The policy holder can convert this plan into a paid-up policy by making a written request. The conditions relating to paid-up conversion are that the policy has been in-force for at least two full years and no premiums are in default. Once the policy becomes paid up, no further premiums are payable; the policy's sum assured is accordingly reduced and the policy ceases to participate in State Life's surplus. The reduced paid-up sum assured will be quoted by State Life upon the policy holder's written request.

## پیڈ اپ ویلیو اور غیر ضبطگی کے آپریشنز

پالیسی ہولڈر تحریری درخواست دے کر اپنی پالیسی کو پیڈ اپ میں تبدیل کروا سکتا ہے۔ تاہم اس حوالے سے یہ شرط ہے کہ پالیسی مسلسل دو سال سے موثر ہو اور اس کا کوئی بھی پریمیئم تاخیر کا شکار نہ ہو یا واجب الادا نہ ہو۔ پالیسی پیڈ اپ ہونے کے بعد مزید کوئی پریمیئم واجب الادا نہیں ہو گا، اس کے مطابق پالیسی کے تحت بیمہ شدہ رقم کم ہو جاتی ہے اور اسٹیٹ لائف کے سرپلس کا حصہ نہیں رہتی۔ پالیسی ہولڈر کی طرف سے پیڈ اپ کی تحریری درخواست کیے جانے پر اسٹیٹ لائف کم کردہ پیڈ اپ رقم سے مطلع کرے گا۔

## Automatic Non-forfeiture Options

The traditional 'Automatic Premium Loan' and 'Automatic Paid-up' options are also offered under this plan. The automatic option activates when the policy has acquired value and a premium remains unpaid beyond the grace period.

## خود کار غیر ضبطگی کے آپشنز

اس پلان کے تحت "آٹو میٹک پریمیئم لون" اور "آٹومیٹک پیڈ اپ" آپشن بھی پیش کیے جاتے ہیں۔ آٹومیٹک آپشن اس وقت فعال ہوتا ہے جب پالیسی کو سرنڈر ویلیو حاصل ہو جائے اور پریمیئم گریس پریڈ کے بعد پریمیئم واجب الادا ہو


**Disclaimers**

This product is underwritten by State Life Insurance Corporation of Pakistan. It is not guaranteed or insured by Bank or its affiliates and is not a Bank product.

The past performance of State Life Insurance Corporation of Pakistan is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and neither State Life Insurance Corporation of Pakistan nor Bank will incur any liability for the same.

A personalised illustration of benefits will be provided to you by our staff. Please refer to the notes in the illustration for detailed understanding of the various terms and conditions. Service charges and taxes will be applicable as per the Bank's 'Schedule of bank Charges and taxation laws as stipulated by the relevant authorities.

A description of how the contract works is given in the policy privileges and conditions. This produts brochure only gives a general outline of the product features and benefits and the figures used above are indicative and for illustration purposes only.

**دستبر داری فارم**

یہ پراڈکٹ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کے اصول و ضوابط کے تحت ہے اور بینک یا اس سے ملحقہ اداروں کی جانب سے اس پر کوئی گارنٹی یا انشورنس شامل نہیں اور نہ ہی یہ بینک کی پراڈکٹ ہے۔اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی گزشتہ کارکردگی اس کی آنے والی کارکردگی کی ضمانت نہیں۔ اس حوالے سے کی گئی کوئی بھی پیشگوئی مستقبل کی کارکردگی، فنڈز کی کارکردگی کی عکاسی نہیں کرتی ہے اور نہ ہی اس حوالے سے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان اور بینک پر کوئی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

ہمارا عملہ آپ کو بینیفٹس کے تفصیلی تصویری شکل میں فراہم کرے گا۔ پلان کے حوالے سے شرائط و ضوابط کی مزید معلومات جاننے کے لیے ان تصاویر میں دیے گئے نوٹس سے رجوع کریں۔ براہ مہربانی یاد رکھیں کہ بینک کے 'شیڈول آف بینک چارجز' اور متعلقہ اداروں کے ٹیکسیشن قوانین کے مطابق ٹیکس لاگو ہوں گے۔

کنٹریکٹ کا طریقہ کار پالیسی کی شرائط و ضوابط اور تفصیلات میں دیا گیا ہے۔ یہ بروشر پراڈکٹ کے حوالے سے نمایاں خصوصیات اور فوائد کے بارے میں عمومی معلومات کے لیے ہے۔ بروشر میں دی گئی اشکال صرف حوالے کے لیے ہیں۔



**State Life Insurance Corporation of Pakistan**
Bancassurance Cell, 2nd Floor,
State Life Building No. 9,
Dr. Ziauddin Ahmed Road, Karachi.
Phone: 021-9920 4111-2
Fax: 021-9920 4113


**اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان**
بینکاشورنس سیل، دوسری منزل،
اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر9،
ڈاکٹر ضیا الدین احمد روڈ، کراچی
فون: 021-9920 4111-2
فیکس: 021-9920 4113


Sada Bahar Plan

سدا بہار پلان

# Secure your child's future

# اپنے بچے کے مستقبل کو محفوظ بنائیں




Sada Bahar Plan

کیونکہ زندگی کچھ بڑھ کر چاہتی ہے!

## فری لُک پریڈ/ مفت ملاحظہ مدت

اس پالیسی کے تحت بیمہ دار کو اختیار حاصل ہے کہ پالیسی کے اصل کاغذات کے موصول ہونے کے ۱۴ دن کے اندر وہ اپنی پالیسی کو منسوخ کرا سکتا ہے۔

STATE LIFE
INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

## Sada Bahar

Sada Bahar Plan is a high value savings and investment plan. Funds accumulated during the savings term can be utilised for children's higher education, marriage, house purchase generating retirement income for any other purpose. The plan is flexible enough to respond to the needs of most individuals. It aims to deliver a substantial sum of money at the end of the savings period. The additional benefit comes in the form of a life insurance cover.

## پیش بہا

سدا بہار پلان ہائی ویلیو کی بچت اور سرمایہ کاری پراڈکٹ ہے۔ بچت کی مدت کے درمیان جمع کی گئی رقم کو آپ اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم، شادی، مکان کی خریداری، ریٹائرمنٹ کے لیے ذریعہ آمدن بنانے یا کسی بھی دوسرے مقصد کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ پلان اس انداز سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ بیشتر افراد کی ضروریات پر پورا اترتا ہے۔ اس کا مقصد یقینی بنانا ہے کہ مقررہ مدت کے اختتام پر آپ کو ایک معقول رقم دستیاب ہو جبکہ لائف انشورنس کی شکل میں اضافی فائدہ اس کے علاوہ ہے۔

## What is Sada Bahar Plan?

Sada Bahar is an anticipated endowment type with-profits plan that provides a lump sum benefit at certain stages during the premium paying term or on earlier death. In addition, this plan has a built-in Accidental Death Benefit (ADB) rider, so that the policy holder gets a cover for an additional sum assured in case of death due to an accident. This plan is a safe instrument for cash provision at the time of need. With this plan, the policy holder can secure greater protection and continued prosperity for the family at an affordable cost.

## سدا بہار پلان کیا ہے؟

سدا بہار ایک بامنافع انڈومنٹ پلان ہے جس میں پریمیئم کی مدت مکمل ہونے یا قبل از وقت موت کی صورت میں یکمشت رقم جاری کی جاتی ہے۔ مزید براں اس پلان میں ایکسڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ (حادثے کی صورت میں موت .ADB) کا فیچر بھی شامل کیا گیا ہے تاکہ حادثے میں پالیسی ہولڈر کی موت پر اس کے ورثاء کو بیمہ شدہ رقم پر اضافی کور بھی حاصل ہو۔ یہ پلان ضرورت کے وقت کیش حاصل کرنے کا بھی ایک محفوظ اور قابلِ بھروسہ ذریعہ ہے۔ اس پلان کے ساتھ پالیسی ہولڈر بہترین قیمت میں اپنی فیملی کے مستقبل کو محفوظ بناسکتا ہے۔

## Admissible Ages and Terms

This plan is available to all members of the general public aged 20-60 years, to the nearest birthday. Both males and females may purchase this plan. Terms offered in this plan are 12,15, 18, 21, 24, 27 and 30 years.

## پلان حاصل کرنے کی شرائط و اہلیت

20-60 سال کی عمر کے تمام مرد و خواتین یہ پلان حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ سدا بہار پلان کی مدت 12، 15، 18، 21، 24، 27 اور 30 سال رکھی گئی ہے۔

## Survival Benefits

a) On completion of one-third of the policy term, 20% of the basic sum assured can be taken by the policy holder. Another 20% of the sum assured can be taken on completion of two-thirds of the policy term. The remaining 60% of the basic sum assured plus accrued bonuses (if any) shall be payable at the end of the policy term in the event of the survival of the assured.

## دورانِ مدتِ فوائد

الف) پالیسی کی ایک تہائی مدت مکمل کرنے کے بعد پالیسی ہولڈر بنیادی بیمہ شدہ رقم کا 20% حاصل کر سکتا ہے جبکہ دو تہائی مدت گزر جانے کے بعد کل بیمہ شدہ رقم کا مزید 20% بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کل بیمہ شدہ رقم کا باقی ماندہ 60% اور بونس (اگر کوئی ہے) پالیسی ہولڈر کے زندہ بچ جانے کی صورت میں پالیسی کی مدت مکمل ہونے پر جاری کیے جائیں گے۔

b) If the option to withdraw an instalment of 20% of the basic sum assured is not exercised on the due date, or within six months after the due date, a special bonus will automatically be added to the policy at the end of six months. In this event:

ب) اگر پالیسی ہولڈر مقررہ تاریخ یا مقررہ تاریخ کے چھ ماہ کے اندر مجموعی بیمہ شدہ رقم کا 20% نکلوانے کا فیصلہ نہیں کرتا تو چھ ماہ کی مدت ختم ہونے کے بعد خصوصی بونس جاری کیا جائے گا۔ اس صورت میں:

1. On the death of the assured, while the policy is in-force, this special bonus will be payable in addition to (i) basic sum assured, (ii) other reversionary bonuses accrued on the policy, and (iii) the amount of any instalment left with State Life.

(1) بیمہ شدہ فرد کی موت کی صورت میں جبکہ پالیسی موثر ہو، یہ اضافی بونس (i) بنیادی بیمہ شدہ رقم، (ii) پالیسی پر حاصل ہونے والے دیگر بونس اور (iii) اسٹیٹ لائف کے پاس موجود باقی ماندہ اقساط کی رقم کے ساتھ ادا کیا جائے گا۔

2. On the maturity date, the special bonus will be payable, together with all the instalments of the sum assured remaining with State Life, in addition to regular reversionary bonuses accrued on the policy.

(2) پالیسی مکمل ہونے پر اسپیشل بونس بیمہ شدہ رقم کی تمام اقساط اور پالیسی پر جمع ہونے والے رویژنری بونس کے ساتھ ادا کیا جائے گا۔

3. So along as the policy remains in-force, the policy holder may surrender the unclaimed instalment of sum assured together with the related special bonus. The aggregate cash surrender value of the two shall not be less than the amount of the said unclaimed instalment.

(3) تاوقتیکہ پالیسی موثر رہے پالیسی ہولڈر بیمہ شدہ رقم کی غیر کلیم شدہ اقساط اور متعلقہ اسپیشل بونس بھی سرنڈر کر سکتا ہے۔ ان دونوں کی کیش سرنڈر ویلیو غیر کلیم شدہ اقساط کی رقم سے کم نہیں ہوں گی۔

4. The reversionary bonuses, as per usual practice, will continue to be allocated each year on the basic sum assured (if in-force), as and when actuarial surplus is declared. However, the unclaimed instalments of the sum assured and the related special bonus will not participate in State Life's actuarial surplus.

(4) معمول کے مطابق رویژنری بونس کا اجراء ہر سال بنیادی بیمہ شدہ رقم (اگر موثر ہے) پر ہو گا، جب اور جیسے ہی ایکچوریئل سرپلس کا اعلان کیا جائے گا۔ تاہم، بیمہ شدہ رقم کی غیر کلیم شدہ اقساط اور ان سے متعلقہ اسپیشل بونس اسٹیٹ لائف کی ایکچوریئل سرپلس کا حصہ نہیں ہوگا۔

## Death Benefits

The full basic sum assured plus accrued bonuses are payable on the death of the insured, any time, while the policy is in-force. In addition, if death occurs as a result of an accident, an additional amount equal to one basic sum assured, subject to a maximum limit, will be paid. The usual maximum on the ADB of Rs. 8 million will apply and premium will be calculated accordingly.

## موت کی صورت میں فوائد

پالیسی موثر ہونے کے دوران بیمہ شدہ فرد کی موت کی صورت میں بیمہ شدہ رقم اور ان پر حاصل ہونے والے بونس ادا کر دئیے جاتے ہیں۔ مزید براں، اگر موت حادثے کے نتیجے میں واقع ہو تو بیمہ شدہ رقم کے مساوی اضافی رقم بھی ادا کی جائے گی جس پر کہ زیادہ سے زیادہ رقم کی حد لاگو ہو گی۔ بالعموم ADB کی زیادہ سے زیادہ 8 ملین روپے لاگو ہو گی اور اس پر منافع کا تعین کیا جائے گا۔

## Supplementary Contracts

Excluding the ADB rider, all supplementary contracts that can be attached to an anticipated Endowment Plan, are attachable to this plan.

## ذیلی کنٹریکٹ

علاوہ ازیں ADB کسی بھی دوسرے انڈومنٹ پلان سے منسلک ذیلی کانٹریکٹس پلان کا حصہ ہوں گے۔